سوال

(179) نماز فرض کے بعد دعا کے لیے رفع الیدین ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز فرض کے بعد دعا کے لیے رفع الیدین ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

رفع الیدین بعد نماز فریضہ بعض احادیث ضعیفہ سے ثابت ہے۔ عن[1] انس عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مامن عبد بسط کفیہ دبر کل صلوة یقول اللھم الھی والہ ابراھیم الحدیث رواہ ابن السنی فی کتابہ عمل الیوم واللیلة۔ وعن[2] الاسود العامری عن ابیہ قال صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الفجر فلما سلم انصرف ورفع یدیہ ودعا الحدیث رواہ ابوبکر بن ابی شیبة فی مصنفہ۔ حررہ عبدالرحیم عفی عنہ (سید محمد نذیر حسین)

---

[1] کا ترجمہ صفحہ 564 پر گذر چکا ہے۔

[2] کا ترجمہ صفحہ 564 پر گذر چکا ہے۔

فتاوی نذیریہ

جلد01ص565

محدث فتویٰ